فوری ریلیز کے لیے: 2023/17/3 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے کوڑا کرکٹ کی مقدار میں کمی لانے کے لئے کی جانے والی تحقیق کی معاونت کی خاطر شیشے کی صنعت میں جدت طرازی کے مرکز کو وسعت دینے کے لئے 2.5$ ملین کا اعلان کر دیا***

***الفریڈ یونیورسٹی میں نیو یارک اسٹیٹ کالج آف سیرامکس میں نئے شیشے کی پیداوار اور اس کے دوبارہ استعمال پر تحقیق کی معاونت کے لئے یہ اضافی فنڈنگ ہے***

***اس سے کوڑا کرکٹ کی مقدار میں کمی لانے کے لئے ریاست نیویارک کی تعلیمی شراکت داری اور جرات مندانہ اقدامات کو مزید مہمیز ملے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج الفریڈ یونیورسٹی میں نیویارک اسٹیٹ کالج آف سیرامکس کے ساتھ ملک کی قیادت کرنے والے باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لئے ریاستی سرمایہ کاری کا اعلان کیا تاکہ ری سائیکلنگ مارکیٹوں کو وسعت دی جا سکے اور میونسپل ری سائیکلنگ پروگراموں کو شیشے کو ری سائیکل کرکے دوبارہ استعمال کرنے کے نئے طریقے تلاش کرنے میں مدد مل سکے۔ شیشے کی پیداوار، ری سائیکلنگ اور دوبارہ استعمال کرنے کے طریقوں پر اس سینٹر کے مسلسل جاری کام کے لئے پہلے سے دستیاب 1.7$ ملین میں مزید 2.5$ ملین کا اضافہ کیا گیا ہے۔

"نیویارک ماحول کو صاف ستھرا رکھنے والے اقدامات میں پورے ملک میں صف اول میں ہے اور اپنی ری سائیکلنگ مارکیٹوں کو وسعت دینے والا ہمارا اقدام سب کے لئے ایک سرسبز ریاست بنانے کی ہماری کوششوں کا اہم حصہ ہے"، **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک اسٹیٹ کالج آف سیرامکس کے ساتھ یہ شراکت داری ٹھوس فضلے کی پیداوار کم کرنے والے ہمارے اقدامات کو مزید وسعت دے گی اور ہماری ریاست کو ماحول کو صاف ستھرا رکھنے والے اہداف کے حصول کی راہ پر گامزن رکھے گی۔"

رائیکلنگ مارکیٹوں کو امریکہ اور دنیا بھر میں کساد بازاری کا مسلسل سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کے نتیجے میں ری سائیکلنگ آپریشنز اپنے مٹیریل کے لئے مناسب مارکیٹوں کو تلاش کرنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں، اور اس سے ٹھوس فضلے کو ری سائیکل کرنے کی کوششوں کو دھچکا لگتا ہے۔ شیشہ فضلے کے میونسپل نالوں میں داخل ہونے والے سب سے بھاری اجزاء میں سے ایک ہے اور اسے پراسیس کرنے کا عمل مہنگا ہے۔ ریاست نیویارک نے ان چیلنجوں سے نمٹنے کے طریقوں کے بارے میں حکمت عملی تیار کرنے کے لئے میونسپلٹیوں سمیت اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام مسلسل جاری رکھا ہوا ہے۔

الفریڈ یونیورسٹی کے سینٹر فار گلاس انوویشن (NYSCC) میں نیویارک اسٹیٹ کالج آف سیرامکس کی جانب سے شروع کیے جانے والے منصوبوں میں لانگ آئی لینڈ پر سمندرکی دیواروں کی تعمیر میں ری سائیکل کردہ یا اپ سائیکل کردہ میونسپل بیکار شیشہ اور دیگر صنعتی ندی نالوں سے تیار کردہ مواد کا استعمال شامل ہے تاکہ سمندر کی سطح میں اضافے کی وجہ سے آئندہ ممکنہ سیلاب کو روکنے میں مدد مل سکے۔ شیشے کو توڑ کر ایسا پاؤڈر بنانے پر بھی تحقیقی کام جاری ہے جو سیمنٹ/کنکریٹ میں استعمال ہوتا ہے تاکہ کنکریٹ کو مزید مضبوط بنایا جا سکے اور شدید موسمی صورتحال کے دوران توڑ مروڑ واقع ہونے یا پھولنے کے عمل کو روکا جا سکے۔

**نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرنمنٹل کنزرویشن کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "ریاست نیویارک شیشے کو ری سائیکل کرنے اور دوبارہ استعمال کرنے کے طریقے تلاش کرنے اور کوڑا کرکٹ کی مقدار میں کمی لانے کے زیادہ پائیدار طریقوں پر سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ NYSCC کے ساتھ یہ شاندار شراکت داری کچرے کو کم کرنے، ری سائیکلنگ کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرنے، ایسی مصنوعات کی حوصلہ افزائی کرنے جنہیں ری سائکل کرنا آسان ہو، اور مقامی معیشتوں کی ممد و معاونت کرنے والے جدید طریقے تیار کرنے میں نیویارک کے کام میں شانہ بہ شانہ شامل ہے۔"

NYSCC شیشے کی سائنس اور انجینئرنگ کے میدان میں عالمی شہرت رکھتا ہے اور گلاس سائنس میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری پیش کرنے والا ملک کا واحد ادارہ ہے۔ جب سنہ 1932 میں جب NYSCC کی گلاس سائنس اور انجینئرنگ کی ڈگری کا اجراء ہوا تھا تب سے اب تک ہزاروں گریجویٹس مٹیریل دریافت کرنے، شیشے کی پروسیسنگ اور اس کی تیاری اور مینوفیکچرنگ والی صنعتوں میں متعدد کامیاب ترین عہدے حاصل کر چکے ہیں۔

**الفریڈ یونیورسٹی کے صدر Mark Zupan نے کہا،** "الفریڈ یونیورسٹی ملک کا واحد اعلی تعلیمی ادارہ ہے جو گلاس انجینئرنگ اور سائنس میں انڈر گریجویٹ، ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ کی سطح کے پروگرامز پیش کرتا ہے۔ ہمارے اساتذہ اور فیکلٹی نے Gorilla Glass؛ COVID ویکسین کی تقسیم کے لئے استعمال ہونے والی انتہائی پائیدار Valor Glass شیشیاں؛ فائبر آپٹک کیبل کے ذریعہ آواز اور ڈیٹا منتقل کرنے کی صلاحیت؛ اور ری سائیکل شدہ شیشے کا استعمال کرتے ہوئے D3 پرنٹ عمارتوں کے لئے وسائل ایجاد کرنے جیسی اہم اور تاریخی اختراعات کی ہیں۔ ہمارے اناموری اسکول آف انجینئرنگ کے ڈین Dr. Gabrielle Gaustad کے زیر قیادت ہمیں شیشے کو ری سائیکل کرنے کی صلاحیت بڑھانے کے لئے ریاست نیویارک کے ساتھ شراکت داری پر فخر ہے اور ہم انکے شکر گزار ہیں— جس سے عالمی سطح پر پائیداری کو فروغ ملے گا اور پوری دنیا کے باشندوں کی خدمت کے لئے نئی ایجادات اور جدت طرازیاں فراہم کرنے کے اہم مقصد کے حصول میں پیشرفت ہوگی۔"

**الفریڈ یونیورسٹی میں اناموری اسکول آف انجینئرنگ کے ڈین اور قانونی امور کے نائب صدر Dr. Gabrielle Gaustad نے کہا،** "پائیداری اور ری سائیکلنگ کے میدان کے ایک محقق کی حیثیت سے، یہ کام میرے لئے ذاتی طور پر بہت زیادہ خاص اہمیت رکھتا ہے۔ میں اپنی اس پیشرفت پر بہت خوش ہوں جو آج تک شیشے کی ری سائیکلنگ اور اسے دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کے طریقوں کے بارے میں ہم نے کی ہے، خاص طور پر بیکار شیشے کے بعض اچھوتے اور نئے استعمال جو گلاس سائنس کے ہمارے انڈر گریجویٹس، گریجویٹس، اساتذہ، اور عملے نے ایجاد کیے ہیں۔ اس کام کو وسعت دینے سے ریاست نیویارک کے اندر بھی اور اس سے باہر بھی اسکیل اپ اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے بہت سے مواقع پیدا ہوں گے۔"

آج کا اعلان اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک (SUNY) کے ساتھ ریاست نیویارک کی باہمی شراکت داری کا عکاس ہے جس کے ذریعے ایسی حکمت عملی تیار کی جائے گی جو زیادہ پائیدار مٹیریل کی منیجمنٹ کے طریقوں میں جدت لائیں گے۔ DEC نے بفیلو یونیورسٹی میں، الفریڈ یونیورسٹی کی NYSCC میں، اسٹونی بروک یونیورسٹی میں، اور کالج آف انوائرمنٹل سائنس اینڈ فارسٹری میں پہلے سے جاری کام کے لئے 20$ ملین سے زیادہ کی فنڈنگ کا وعدہ کیا ہے تاکہ کوڑا کرکٹ اور فضلے میں کمی لانے والے طریقے ایجاد ہوں اور نیویارک کو مستقبل میں مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ کا زیادہ قوت سے مقابلہ کرنے کے قابل بنایا جائے۔

**SUNY کے چانسلر John B. King Jr نے کہا،** "اس دور میں جب ہم ماحولیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے اثرات کو دیکھ اور محسوس کر رہے ہیں، تو ہمارے لئے یہ اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ ہم ری سائیکل کرنے کے پائیدار طریقے تلاش کریں۔ نیویارک اسٹیٹ کالج آف سیرامکس ری سائیکل شدہ شیشے کو زیادہ مؤثر انداز سے استعمال کرنے کے طریقے ایجاد کرکے یہ کام بہت اچھی طرح کر رہا ہے۔ میں گورنر Kathy Hochul اور NYSDEC کے کمشنر Basil Seggos کا شکر گذار ہوں جنہوں نے سینٹر آف گلاس انوویشن میں سرمایہ کاری کی اور ریاست نیویارک کے آج اور مستقبل کے ماحولیاتی چیلنجوں کے مستقل اور پائیدار حل تلاش کرنے کے لئے ہمارے SUNY کیمپسز میں تحقیقی جدت طرازی کے لئے مدد و معاونت فرام کی۔"

**رکن اسمبلی Joseph Giglio نے کہا،** "مجھے خوشی ہے کہ گورنر الفریڈ یونیورسٹی میں نیویارک اسٹیٹ کالج آف سیرامکس میں اس جدید تحقیقی پروگرام کی توسیع کے لئے مالی اعانت فراہم کر رہی ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ وہ نئی ٹیکنالوجیوں ایجاد کرنے اور نئے پراسیسز تیار کرنے کے لئے فی الوقت دستیاب تمام وسائل کا استعمال جاری رکھیں۔ 2.5$ ملین کی اس اضافی رقم سے الفریڈ کے محققین کو جدید اور اسٹریٹجک طریقوں سے شیشے کی ری سائیکلنگ اور اسے دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کے طریقے ایجاد کرنے میں کامیابی کے اضافی مواقع میسر آئیں گے، جس سے ریاست نیویارک میں بھی اور اس سے باہر بھی لوگوں کی زندگیوں میں بہتری آئے گی۔"

ٹھوس کوڑا کرکٹ اور فضلے کو زیادہ موثر طریقے سے ری سائیکل کرنے کی ان کوششوں کو نمایاں طور پر تقویت دیتے ہوئے، گورنر Hochul نے اپنے 2023-24 والے ایگزیکٹو بجٹ میں فضلے میں کمی اور ری سائیکلنگ انفراسٹرکچر ایکٹ (WRRIA) کی تجویز پیش کی گئی تاکہ پوری ریاست میں کچرے کو مناسب طریقے سے مینیج کرکے اس کی مقدار میں کمی لائی جائے۔ اس اقدام سے ری سائیکلنگ کی شرحوں میں اضافہ ہوگا، مقامی حکومتوں کو سالانہ دسیوں ملین ڈالرز کی بچت ہوگی - جو ایک اندازے کے مطابق صرف نیویارک شہر میں 150$ ملین ڈالر ہوگی - اور ماحول کا تحفظ بھی ممکن بنے گا۔ سنہ 2021 میں نیویارک شہر کو پیکیجنگ اور پرنٹڈ کاغذ ری سائیکل کرنے پر 400$ ملین خرچ کرنے پڑے تھے، حتی کہ چھوٹی میونسپلٹیوں مثلاً ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی (4.6$ ملین)، سیراکیوز (2.9$ ملین) اور نارتھ ٹوناوانڈا (1.1$ ملین) کو بھی ری سائیکلنگ کی مد میں بھاری اخراجات کا سامنا ہے جن میں اس نئے پروگرام کے ذریعے نمایاں طور پر کمی لائی جا سکے گی۔

WRRIA ری سائیکلنگ کی ذمہ داری ٹیکس دہندگان پر نہیں بلکہ پروڈیوسروں پر منتقل کرکے ہر سال نیویارک کے شہریوں کے لئے سینکڑوں ملین ڈالرز کی بچت کرے گا۔ اس پروگرام کے تحت پروڈیوسروں پر پیکیجنگ اور کاغذی مصنوعات، جو مجموعی طور پر قابلِ ری سائیکل مواد ہوتے ہیں، انہیں آسان طریقے سے اکھٹا کرنے اور اسے ری سائیکل کرنے کے لئے ایک پروگرام تیار کرنا، اسکے لئے رقوم فرام کرنا، اور اسے نافذ کرنا لازمی ہوگا۔ اس بل میں ری سائیکلنگ کی کم از کم شرحیں، ریکوری کی شرحیں، صارفین کے بعد ری سائیکل کیے جانے والے مواد کی شرحیں، اور پروڈیوسروں کے لیے ذرائع میں کمی کی شرحیں جارحانہ طریقے سے مقرر کی جائیں گی، اور اس کے ساتھ ساتھ عدم تعمیل کی صورت میں نفاذ کی دفعات اور جرمانے بھی مقرر کیے جائیں گے۔ یہ بنیادی ڈھانچے اور تعلیم کے لئے فنڈنگ کی بھی معاونت کر رہا ہے، جس سے ری سائیکلنگ کے عمل کو زیادہ آسان اور کم پریشانیاں پیدا کرنے والا بنانے میں مدد ملے گی۔

ابھی حال ہی میں، DEC نے *نیویارک اسٹیٹ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پلان* کا مسودہ جاری کیا: *پائیدار مواد کے انتظام کے ذریعے گردشی معیشت کی تعمیر* کو عوامی جائزے اور تبصرے کے لئے پیش کیا گیا۔ اس منصوبے میں گردشی معیشت کو ترقی دینے اور کچرے اور فضلے کو کم سے کم کرکے ماحولیاتی انحطاط اور معاشی نقصان کو روکنے کے اقدامات کو ترجیح دی گئی ہے، اور یہ امر یقینی بنایا گیا ہے کہ قیمتی مٹیریلز معیشت میں گردش کرتے رہیں۔ گردشی معیشت سے قدرتی وسائل کے تحفظ، توانائی کی کھپت کو کم کرنے، آلودگی کو روکنے، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے، اور کمیونٹیز کی صحت و تندرستی کے تحفظ میں مدد ملے گی، جس میں زیادہ تر توجہ پسماندہ برادریوں پر ناقابل قبول غیر متناسب بوجھ کو حل کرنے پر مرکوز رکھی جائے گی۔ منصوبے کا مسودہ DEC ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور عوامی تبصرے بروز پیر، 15 مئی تک قبول کیے جائیں گے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں